محاورے ہوں یا کہاوتیں، اگر ان کی سماجی توجیہہ تلاش کی جائے تو آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان کی معاشرتی، تاریخی، مذہبی اصل کیا ہے۔ بمثال کے طور پر نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی، اس چکنا تو کٹھوتی میں گنگا، کہاں راجہ بھوج کہاں گنگو تیلی، رام کہانی سنانا، اندھیر نگری چوپٹ راجا، کوّا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا، الٹی گنگا بہانا، گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے، وغیرہ سے صاف جھلکتا ہے کہ یہ محاورے کس مذہب کے زیرِ اثر وجود میں آئے۔ اسی طرح گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے، مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال، نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی، تیس مار خاں بننا، خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی، ملیا پکالی تھی کھیر ہو گیا دلیا، مرے کو ماریں شاہ مدار، وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اُڑاتے تھے، وغیرہ سے صاف ظاہر ہے کہ ان کی شروعات کس مذہب سے ہوئی ہو گی۔ لیکن کیا آج بھی ان محاوروں کا تعلق کسی خاص مذہب یا عقیدے کے ماننے والوں سے ہے؟ ایسی سینکڑوں مثالیں اور دی جا سکتی ہیں کہ جہاں تک استعمال اور رواج کا تعلق ہے، یہ سب زبان کے مجموعی خزانے میں شامل ہو چکے ہیں اور زبان کا خزانہ سب استعمال کرنے والوں کے لیے کھلا ہوا ہے۔ زبان میں ایسے الفاظ تو مل جائیں گے جن کا تعلق کسی خاص مذہب یا فرقے سے ہو لیکن محاورے اور کہاوتیں چونکہ وسیع تر ماحول سے وجود میں آتی ہیں، اس لیے ان کا تعلق زبان کے اس مرکزی حصے سے ہوتا ہے جو سب کے استعمال کے لیے کھلا ہے اور جسے ذخیرۂ عام کہنا چاہیے۔ کثرتِ استعمال سے ان کی مذہبی اور سماجی حیثیت زائل ہو جاتی ہے اور صرف لسانی حیثیت باقی رہ جاتی ہے۔ سکہ جب ٹکسال سے باہر آتا ہے تو وہ سب استعمال کرنے والوں کے تصرف میں رہتا ہے۔ یہی حال محاوروں کا بھی ہے۔ یہ ہماری مشترکہ دولت ہیں۔ ہم سب کے استعمال میں ہیں، ان پر ہم سب کا حق ہے اور یہ ہمارے تہذیبی ورثے میں شامل ہیں۔

✕✕

ایک چھوٹا سا لڑکا ایک گھر کی
گھنٹی تک ہاتھ پہنچانے کی کوشش کر رہا تھا۔
ایک نیک دل بڑے میاں نے دیکھا تو گھنٹی کا بٹن دبا دیا۔
"لو صاحبزادے، تمہارے لیے اب کیا کروں؟"
لڑکے نے کہا،
"اب تیزی سے یہاں سے بھاگ لیجیے، ورنہ پٹائی ہو جائے گی۔"

غزل

ناصر کاظمی

دیارِ دل کی رات میں چراغ سا جلا گیا
ملا نہیں تو کیا ہوا وہ شکل تو دکھا گیا

جدائیوں کے زخم دردِ زندگی نے بھر دیے
اسے بھی نیند آگئی مجھے بھی صبر آگیا

وہ دوستی تو خیر اب نصیبِ دشمناں ہوئی
وہ چھوٹی چھوٹی رنجشوں کا لطف بھی چلا گیا

پکارتی ہیں فرصتیں کہاں گئیں وہ صحبتیں
زمیں نگل گئی انہیں کہ آسمان کھا گیا

یہ صبح کی سفیدیاں یہ دوپہر کی زردیاں
اب آئینے میں دیکھتا ہوں میں کہاں چلا گیا

یہ کس خوشی کی ریت پر غموں کو نیند آگئی
وہ لہر کس طرف گئی یہ میں کہاں سما گیا

گئے دنوں کی لاش پر پڑے رہو گے کب تلک
الم کشو اٹھو کہ آفتاب سر پہ آگیا

بہترین شوہر

آثارِ قدیمہ کا ایک ماہر اپنی میز پر پانچ ہزار برس پرانے برتنوں کے ٹکڑے، پتھر کے پرانے اوزار اور زیورات کا انبار لگائے بیٹھا تھا۔ وہ انہیں غور سے دیکھتا، خوش ہوتا اور پھر نہایت قرینے سے الگ الگ خانوں میں رکھ دیتا۔

اس کی بیوی قریب بیٹھی اپنے مہمان سے مصروفِ گفتگو تھی۔

"جانتی ہو میں نے آثارِ قدیمہ کے ماہر سے شادی کیوں کی؟"

مہمان نے نفی میں سر ہلایا تو بیوی بولی،

"بات یہ ہے کہ آثارِ قدیمہ کا ماہر سب سے اچھا شوہر ثابت ہوتا ہے کیونکہ بیوی جتنی بوڑھی ہوتی ہے آثارِ قدیمہ کے ماہر کی نظروں میں اس کی قدر و منزلت اتنی ہی زیادہ ہوتی ہے۔"

انسان

شاعر نے کسی حسینہ کو دیکھ کر اس کی شان میں ایک نظم لکھی جس کا مفہوم یہ تھا:

اے حسینہ تو ایک چاند ہے جس کی چاندنی میں لطافت ہے، رنگینی ہے۔ تو ایک بل کھاتی ہوئی ناگن ہے جس نے میری تمناؤں کو ڈس لیا۔ تو ایک ہرنی ہے جو سینے کے دل سونے جنگل میں رقص کر رہی ہے۔ تو ابرِ رحمت ہے جو میری اُجاڑ زندگی پر برس رہی ہے وغیرہ وغیرہ۔

جب یہ نظم شاعر نے حسینہ کو سنائی تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی اور سسکتے ہوئے بولی،

"کیا مجھ میں کوئی بات بھی انسانوں والی نہیں؟"

نیا دور

کا تازہ شمارہ شائع ہو گیا

دیدہ زیب سرورق، عمدہ آفسٹ طباعت اور اعلیٰ کتابت کے ساتھ شائع ہونے والے پاکستان ادبی و تہذیبی رسالے میں ہر وہ چیز ہے جس کی آپ ایک اعلیٰ ادبی پرچے سے توقع رکھتے ہیں۔

براہِ مہربانی اپنی کاپی کے لئے ہمیں آج ہی لکھئے۔ پچھلی دفعہ مانگ زیادہ ہونے کی وجہ سے ہم اپنے تمام کرم فرماؤں کو رسالہ فراہم نہ کر سکے تھے۔

[illegible]

NAYA DAUR [illegible]
USA COLUMBUS, OH 43221

بچے کے لیئے نمونہ ہونا ہے

شمس کنول

پروفیسر کارل پیرسن کی مشہور کتاب
NATURE ... SCIENCE

کے چند سطریں ملاحظہ ہوں:

ماں باپ کا اخلاق اور عادات و اطوار ان کی خوبیاں اور خامیاں، حد یہ ہے کہ ان کی بیماریاں تک۔ سب کی سب مقررہ نسبت کے ساتھ ان کے بچوں کو ورثے میں ملتی ہیں۔ تعلیم اور دیگر اثرات بھی انسان کے موروثی کردار کو ہرگز نہیں بدل سکتے:

سر فرانسس گالٹن کا بھی یہی کہنا ہے:

وراثت کے اثرات میں آدھا حصہ دونوں والدین کا، چوتھائی حصہ والدین کے چاروں والدین کا اور آٹھواں حصہ تیسری پشت کے آٹھوں اجداد کا ہوتا ہے۔

مسلم خاندانوں میں بھی حسب اور نسب جیسے دو لفظ عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ نسب انسان کی اصل کو کہتے ہیں:— یعنی سارے انسان ایک ہی شاخ کے پتے ہیں، اور کسی کو کسی پر ترجیح نہیں دی جا سکتی، ایک کو دوسرے پر اگر کوئی بڑائی یا فوقیت حاصل ہے تو وہ حسب کی بنا پر ہے۔ حسب اُس شرف یا بزرگی کا نام ہے جو کسی شخص کی علمیت، نبوت، درویشی، دولت کسی دوسری فضیلت کے سبب اس کے خاندان میں چند پشتوں تک یا ہمیشہ باقی رہے۔

حسب ذاتی خوبیوں سے بنتا ہے، اور ذاتی خوبیاں والدین کی تعلیم و تربیت سے پیدا ہوتی ہیں۔

اخبارات میں آئے دن قتل و خون ریزی لوٹ مار اور غارت گری کی خبریں آتی رہتی ہیں۔ اور یہ خبریں اکثر ہمارے نوجوان طبقے سے، ہماری نئی نسل سے تعلق رکھتی ہیں۔ ایسی خبریں پڑھ کر ہم اپنے آپ سے سوال کرتے ہیں: کسی کو قتل کرتے ہوئے، کسی کو لوٹتے ہوئے، یا کسی کی زندگی کی سب سے قیمتی متاع چھینتے ہوئے آخر ان کا ضمیر انہیں ملامت کیوں نہیں کرتا؟

بچے کے جسم کا نشو و نما پانا جتنا ضروری ہے، بچے کے ضمیر کا صحیح طور پر پروان چڑھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے، اچھے میں اور برُے میں تمیز کرنے کی صلاحیت ہر انسان میں موجود ہوتی ہے لیکن یہ صلاحیت اس بیج کی مانند ہے جسے درخت بننے کے لیے مناسب مٹی، کھاد، پانی اور ہوا کی ضرورت ہے۔ اگر بیج کی یہ ضرورت پوری نہ کی جائے تو وہ درخت نہیں بن سکتا۔ اسی طرح بچے کے ضمیر کو تربیت کی ضرورت پیش آتی ہے اور جب بچے کی یہ ضرورت پوری نہیں کی جاتی تو پھر اخبار میں قتل و خون ریزی اور لوٹ مار کی خبریں جنم لینے لگتی ہیں اور ایسے سارے جرائم کو انسان کا مردہ ضمیر تخلیق کرتا ہے۔

ضمیر خود بخود روشن نہیں ہوتا اور نہ اخلاقی قدروں کا شعور اپنے آپ پیدا ہوتا ہے ضمیر کو روشن بنانے اور اخلاقی قدروں کا شعور بخشنے کا کام تربیت اور ماحول کا ہے۔ اچھی تربیت ماں باپ ہی دے سکتے ہیں۔ درست ماحول پیدا کرنا بھی انہیں کا کام ہے۔ دراصل والدین اپنے بچوں کے لئے نمونہ ہوتے ہیں، اس لئے یہ والدین کی مرضی پر ہی منحصر ہے کہ وہ اپنے بچوں کو کس نمونے کا بنانا چاہتے ہیں، چنانچہ جو بچے یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے ماں باپ غصہ ور ہیں: ہر شخص سے مونہہ چڑھا کر بات کرتے ہیں اور دوسروں سے ڈانٹ ڈپٹ کر کام لیتے ہیں تو ان کے مزاج میں نخرہ پیدا ہو جاتا ہے رفتہ رفتہ وہ گھمنڈ مزاج کے حامل بن جاتے ہیں۔ کیا درست ہے اور کیا نا درست، یہ جاننا بھی ان کے لئے مشکل ہو جاتا ہے۔ بات یہیں تک نہیں رہتی ایسے بچے ہر کام انجام دیتے وقت یہی کوشش کرتے ہیں کہ ایسے ویسے جس طرح بھی ہو کام کو انجام دے ڈالیں، بگڑ جائے تو اپنے دامن کو بچا کر صاف نکل جائیں اور اپنی غلطی کسی دوسرے کے سر تھوپ دیں یا اپنی غلطی کو چھپا لیں۔

"باپ پہ پوت، پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا"، یہ کہاوت تھوڑی بہت نہیں بالکل درست ہے۔ میں ایک ایسی سن رسیدہ خاتون سے واقف ہوں جن کو بے مقصد جھوٹ بولنے کی عادت ہے، خاص طور سے جھوٹے خواب بیان کرنے کا ان کو بہت ہی شوق ہے ان کے شوہر اکثر پردیس میں رہے اور ان کے اکلوتے بیٹے نے ان ہی کے سائے میں پرورش پائی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ صاحب زادے جھوٹ بولنے میں ماں سے بھی دس قدم آگے نکل گئے۔ اسی طرح ایک اور بزرگ ہیں جو ہر آن خودستائی کے سہارے سانس لیتے ہیں۔ انہوں نے ابتدا سے ہی اپنے سب سے چھوٹے بیٹے کو اپنا لاڈلا بنائے رکھا۔ صحبت کا یہ اثر ہوا کہ شیخی مارنے میں بیٹا قطعی طور پر باپ کا نمونہ بن گیا اور اب وہ چاہے بھی تو بات کو سیدھے سادے انداز میں بیان نہیں کر سکتا۔ سچ تو یہ ہے کہ اولاد کے سامنے ماں باپ کو ہر دم محتاط رہنا چاہئے اور اپنی بری عادتوں کو اپنے قابو میں رکھنا چاہئے۔

اپنے آپ کو اخلاق و کردار کا اعلیٰ نمونہ بنا ... ساتھ والدین کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو تمیز اور تہذیب ... سکھانے کے لئے عام طور پر دو طریقے اختیار کئے جاتے ہیں۔ بعض لوگ اپنے بچوں کو نفسیاتی طور پر تربیت دیتے ہیں اور بعض مار پیٹ کی سزا کے ذریعے اپنی اولاد کو سدھارنے کی کوشش کرتے ہیں، اس سلسلے میں اندازہ کیا گیا ہے کہ تربیت کا نفسیاتی طریقہ زیادہ کارگر ثابت ہوتا ہے۔

ایک بار امتحان میں نقل کرنے والوں بچوں کا سروے کیا گیا اور اس کے ساتھ ان بچوں کا بھی جائزہ لیا گیا جو اپنی تعلیم کے سلسلے میں ایمان داری سے کام کر لیتے تھے۔ نتیجے میں معلوم ہوا کہ نقل کرنے والے سارے بچے وہ تھے جن کو ڈنڈے کے زور پر تمیز سکھائی گئی تھی۔ دراصل زور بازو سے جو تربیت دی جاتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچہ خوف کے لبادے سے ہر لمحہ دوچار رہتا ہے، اس کا ضمیر بیدار نہیں ہو پاتا اور جیسے جیسے عمر بڑھتی جاتی ہے کردار کی برائیاں بھی اور زیادہ گہری اور نمایاں ہوتی جاتی ہیں، احساس مر جاتا ہے اور بڑے ہو کر وہ کوشش کے باوجود اپنی بُری عادت نہیں چھوڑ پاتا۔

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ اپنے بچّوں کو بے لگام تو نہ ہونے دیں مگر اُن کے ساتھ محبت کا برتاؤ ضرور جاری رکھیں، اُن پر نگرانی کی کڑی نظر رکھی جائے، مگر ان کے لئے داروغہ زنداں نہ بنا جائے، بچوں کو سزا ملنے کا ڈر تو ہو مگر اُن سے انتقام نہ لیا جائے۔ کم سے کم باپ کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے بچّوں کے لئے ایسا ہوّا نہ بنے کہ وہ جب گھر میں داخل ہو تو بچے اس طرح سہم جائیں جیسے بلی کو دیکھ کر چوہے سہم جاتے ہیں۔ باپ کو اپنے بچوں کے لئے سراپا محبت و شفقت ہونا چاہئے تاکہ وہ جب گھر میں قدم رکھے تو اس کے بچوں کا دل پھول کی مانند کھل اٹھے۔

بہت سے گھروں میں اپنے ہی بچوں میں امتیاز پیدا کرنے کا عام رجحان پایا جاتا ہے مثلاً ایک بچہ ماں کا لاڈلا ہوتا ہے اور ایک باپ کا، یا ایک بچے کو دادی زیادہ پیار کرتی ہے اور دوسرے کو چچا۔ ایک بچے کو دوسرے پر ترجیح دینے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک میں برتری کا احساس پیدا ہو جاتا ہے اور دوسرے میں کم تری کا۔ خیال رہے کہ بچوں کے پاس الفاظ تو نہیں ہوتے مگر وہ اپنے بڑوں کی ناانصافی کو شدید طور پر محسوس کرتے ہیں۔

اسی ضمن میں یہ بات بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جیسے جیسے بچے سیانے ہوتے جائیں ان کی رائے اور مرضی کو بھی وزن دینا چاہئے اس سے ان میں ذمے داری کا احساس پیدا ہوگا نفسیات کا ایک نکتہ یہ بھی ہے کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ دوسرے بزرگ آپ کے بچوں میں دلچسپی لیں تو ضروری ہے کہ آپ بھی ان بزرگوں سے راہ و رسم رکھیں۔ یعنی اپنے بچوں کے استادوں سے ملتے رہنا چاہئے تاکہ وہ آپ کے بچوں کا خیال رکھیں۔

ہمارے معاشرے میں اکثر والدین اس بات سے ناواقف ہیں کہ اپنے بچوں کو یہ کیسے سمجھایا جائے کہ کون سا کام اچھا ہے اور کون سا بُرا۔ ہمارے یہاں بچوں کو صرف یہی بتایا جاتا ہے کہ یہ کام بُرا ہے اور یہ کام اچھا۔ انہیں اچھے یا برُے کام کی وجہ نہیں بتائی جاتی۔ مثال کے طور پر یہ بات انہیں اکثر بس اس طرح بتائی جائے گی کہ چوری کرنا برُا ہے، حالانکہ تفصیل کے ساتھ سمجھانا چاہئے کہ اس حرکت سے دوسرے کا نقصان ہوتا ہے، اس کو تکلیف ہوتی ہے، اگر تمہاری کوئی چیز چوری ہو جائے تو تم کو جو دکھ ہوگا وہی اس کو ہوگا۔ ہمارے گھروں میں نصیحت کا یا تلاّ جملہ عام ہے کہ جھوٹ کبھی نہ بولنا اللہ میاں ماریں گے۔ محض مار کے ڈر سے جھوٹ نہ بولا جائے۔ بچوں کے سامنے یہ دلیل پیش کرنا درست نہیں۔ مناسب یہ ہے کہ ان کو ان کی زبان میں سمجھایا جائے کہ جھوٹ اصل اور سچی بات کو چھپا دیتا ہے۔ جھوٹی خبر پا کر دوسرے مشکل میں ہو جاتے ہیں۔ جس طرح دوسرے کے جھوٹ بولنے سے ہمیں تکلیف پہنچتی ہے اسی طرح ہمارا جھوٹ دوسرے کو مصیبت میں ڈال سکتا ہے۔ اسی طرح یہ بتایا جائے کہ بچے اسکول میں علم حاصل کرنے کے لئے جاتے ہیں اور علم کے یہ فائدے ہیں، اور اگر امتحان میں نقل کر کے پاس ہو گئے تو پھر علم کے فائدے کیسے حاصل ہوں گے وغیرہ۔

یہ ضروری ہے کہ بچے کو ابتدا سے ہی اچھے کام کی وجہ بتائی جائے اور اسی طرح بُری بات کا بھی سبب بتایا جائے، تاکہ وہ بڑا ہو کر دنیا کی دوسری اچھی بری باتوں کو اپنی عقل کی کسوٹی پر پرکھ سکے اور اسے چھاننے اور پھٹکنے کی عادت پڑ جائے۔ اس سلسلے میں سو بات کی ایک بات یہ ہے کہ بچوں کو یہ سمجھانے کے لئے کہ کون سا کام صحیح ہے اور کون سا غلط، والدین کو خود نمونہ بن جانا چاہئے۔

اسی بات کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ والدین کی ناکام ازدواجی زندگی بچوں میں احساس جرم پیدا کرتی ہے۔ ۱۹۵۷ء میں واشنگٹن یونی ورسٹی کے چند ماہرین نفسیات نے ایسے گھروں کے بچوں کا جائزہ لیا جو آپس میں اَن بَن رکھنے والے والدین کے تحت زندگی گزار رہے تھے۔ اس سلسلے میں ڈاکٹر ڈیسپرٹ نے اپنے مشاہدے کی بنا پر بتایا: "غریب گھرانوں کے وہ بچے جو اپنے خوش و خرم ماں باپ کے تحت پل رہے تھے، امیر گھرانوں کے ان بچوں کے مقابلے میں زیادہ خوش اور روشن ذہن کے پائے گئے جن کے ماں باپ آپس میں ہر وقت لڑتے جھگڑتے رہتے تھے۔" دراصل بچوں کے لئے گھر کا خوش گوار ماحول ان کی بہترین ذہنی اور جسمانی تربیت کا ضامن ہوتا ہے۔ گھریلو زندگی میں والدین کی آپس کی کشیدگی بچوں کی ذہنی طور پر پریشان کئے رہتی ہے وہ شعوری یا غیر شعوری طور پر فکر مند رہتے ہیں کہ ان کا کیا ہوگا؟ وہ اپنی زبان سے اپنے ماں باپ کی شکایت تو نہیں کر سکتے، مگر وہ ایک ذہنی کشمکش میں ضرور مبتلا رہتے ہیں، اور ایسی کشمکش ان کی ذہنی بالیدگی کو بُری طرح متاثر کرتی ہے۔

وہ وقت بچوں پر خصوصیت کے ساتھ بڑا بھاری گزرتا ہے۔ جب اُن کی موجودگی میں ان کے والدین نتائج سے بے پروا ہو کر شدید طور پر آپس میں لڑتے جھگڑتے ہیں، اور نتیجے میں ماں گھر چھوڑ کر اپنے میکے جانے کا اعلان کر دیتی ہے۔ ایسے ہی وقت میں جب ایک ماں جھگڑے کے بعد گھر چھوڑ کر میکے جا رہی تھی تو اس کی چھوٹی بچی نے کہا تھا: امی تم چلی گئیں تو میرا کھانا کون پکائے گا؟ ظاہر ہے ایسے وقت میں بچے اپنے آپ کو بے سہارا محسوس کرنے لگتے ہیں، ان میں محرومی کا احساس پیدا ہو جاتا ہے اور غیر شعوری طور پر ان کو یہ ڈر لگا رہتا ہے کہ ان کا تحفظ خطرے میں ہے اور یہی اندیشے بچے کی نشو و نما میں رکاوٹ کا باعث بن جاتے ہیں۔

گھر کے جھگڑے میں شوہر کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ملازموں اور بچوں کے سامنے بیوی کو سرزنش نہ کرے، اس سے ماں کا مرتبہ بچوں کی نظر میں کم ہوگا۔ بیوی کو بھی چاہئے کہ اختلاف کے نتیجے میں بچوں کو باپ کے خلاف نہ بھڑکائے۔ دراصل بچے کو بیک وقت ماں باپ دونوں کی محبت ملنا چاہئے۔ اگر بچے کے ذہن میں ماں یا باپ دونوں میں سے کسی ایک کے خلاف زہر بھر جائے گا تو بچے کی ذہنی تربیت ضرور متاثر ہوگی اور وہ بڑا ہو کر بھی اعتماد سے محروم رہے گا چنانچہ ہر ماں اور ہر باپ کو یہ بات یاد رکھنا چاہئے کہ اس کے دل میں شریک حیات کے خلاف کوئی جذبہ اگر موجود ہے بھی تو بھی وہ اپنے بچے کو اس میں شریک نہ کریں۔

ماں باپ دولت مند ہوں یا کسی بلند مرتبے کے حامل ہوں، بہر صورت ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مناسب طور پر تعلیم و تربیت سے آراستہ کریں۔ اولاد کی عزت اس میں نہیں ہے کہ وہ بڑے باپ کی اولاد ہے بلکہ اس کی بڑائی اس کی ذاتی خوبیوں پر منحصر ہے۔ اسی لئے حضرت علیؓ نے فرمایا تھا: مرد وہ ہے جو یہ کہے کہ میں ایسا ہوں، نہ کہ وہ جو یہ کہے کہ میرا باپ ایسا تھا! اسی لئے جو والدین یہ چاہتے ہیں کہ ان کی اولاد دنیا میں عزت و آبرو سے زندگی بسر کرے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اولاد کے لئے دولت نہ چھوڑیں ان میں اخلاقی اقدار کا درست شعور پیدا کریں تاکہ وہ زندگی میں کام یاب اور کامران رہے اور زمانہ اس کی ذاتی خوبیوں کی بنا پر اس کی عزت کرے۔

چٹ پٹ

... دیر ... پھر آگئی، مجھے اس سے ... ہے ... کر ... جاتی ہیں، ... تھوڑی دیر ... کے ... دیا:

... کی موجودگی ... ہو ... گئی؟

دوسری فوراً بولی: ... آج ... گئی ... ہے ...

... ی ...

You lose your vote in the July 8th Federal Election

if your name is not on the voters' list!

اگر آپ کا نام ووٹ دہندگان کی فہرست میں شامل نہیں ہے تو آپ ۸ر جولائی کو ہونے والے فیڈرل الیکشن میں ووٹ دینے کے حقدار نہیں ہوں گے۔

اگر آپ شہری علاقے میں رہتے ہیں ....

۸ر جولائی کے عام انتخابات کے لیے ووٹ دہندوں کی فہرست پر عنقریب نظر ثانی کی جائے گی۔ اس فہرست کی ایک نقل آپ کے پاس میں لگا دی گئی ہے۔ شہری علاقے کے ہر ایک ووٹ دینے والے کو جس کا نام اس فہرست میں شامل ہے، عنقریب ایک مطبوعہ فہرست روانہ کر دی جائے گی۔ اس وقت آپ جانچ لیں کہ آیا آپ کا نام اس فہرست میں شامل ہے، یا آپ کے نام، پتے یا پیشے کے اندراج میں کوئی غلطی رہ گئی ہے۔ اگر آپ انتخابات والے دن ووٹ دینا چاہتے ہیں تو اب وقت ہے کہ ان غلطیوں کی تصحیح کرالی جائے۔

اس اشتہار کے آخر میں آپ کو ہدایات ملیں گی کہ آپ ناظم انتخابات (PETURNING OFFICER) کا نام اور فون نمبر کس طرح معلوم کریں۔ اور اس طرح آپ اس بات کا اطمینان کر سکیں گے کہ آپ کے نام یا پتے کی ضروری تصحیح ہو چکی ہے۔ پھر ۸ر جولائی کو آپ ووٹ دینے کے حقدار ہوں گے۔

اگر آپ کسی ایسے شخص سے، جو آپ کی زبان نہ بولتا ہو، فون پر بات کرنے میں جھجک یا دشواری محسوس کرتے ہیں تو آپ اپنے کسی دوست یا ہمسایے کے ذریعے فون کروا سکتے ہیں۔

آپ ۸ر جولائی یعنی انتخابات کے دن سے پہلے بھی ووٹ دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی وجہ سے ۸ر جولائی کو اپنی رہائش کی جگہ سے دور ہوں گے تو آپ مقررہ وقت سے پہلے بھی ووٹ دے سکیں گے۔ مگر شرط یہ ہے کہ آپ کا نام ووٹ دہندوں کی فہرست میں شامل ہو۔ آپ اپنے ایڈوانس پولنگ ڈویژن کے دفتر میں بروز ہفتہ ۲۹ر جون کو یا دوشنبہ یکم جولائی کو ووٹ دے سکتے ہیں۔

ووٹ دہندگان کی فہرست جو کہ ہر شہر میں ووٹ دینے والے کو بھیج دی جائے گی اس میں ایڈوانس پولنگ کے دفتر کے بارے میں مکمل معلومات ہوں گی۔ یا آپ کا ناظم انتخابات آپ کو پیشگی ووٹ دینے کی جگہ اور اوقات بتا دے گا۔ اُسے فون کیجیے۔ اُس کا نمبر ووٹ دہندگان کی فہرست میں شامل ہے۔ یا پھر آپ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی ٹیلی فون ڈائریکٹری اسسٹنس آپریٹر سے مدد لیجیے۔ ۲۴ گھنٹوں میں کسی بھی وقت۔

یہ اشتہار انتخابات کے ناظم اعلیٰ کی طرف سے شائع کیا گیا ہے۔

Elections Canada

ایران کے تعاون سے بلوچستان میں صنعتیں قائم کی جائیں گی

[illegible]

اُردو کی حمایت میں بلوچستان اسمبلی سے وزیر اوقاف کا واک آؤٹ

[illegible]



کابل ۔ [illegible]

وزیر اعظم بھٹو کے دورہ ڈھاکہ کی تاریخ باہمی مشورہ سے طے کی جا رہی ہے

اسلام آباد ۔ [illegible]

بھارت میں چیچک سے آٹھ ہزار افراد ہلاک ہو گئے

[illegible]

سندھو دیش تحریک کا کوئی وجود نہیں ہے

میں اپنی کابینہ میں بد دیانت وزراء برداشت نہیں کرونگا: وزیر اعلیٰ جتوئی

کراچی ۔ [illegible]

کینیڈا بھارت کی اقتصادی امداد پر نظر ثانی کریگا

[illegible]

پُرامن مقاصد کے لیے ایٹمی دھماکے اور ایٹمی ہتھیار کے تجربے میں کوئی فرق نہیں

غیر ملکی سفیروں سے سیکرٹری خارجہ کی ملاقاتیں سارا دن جاری رہیں

اسلام آباد ۔ [illegible]

PLEASE VISIT US FOR

Masalas: Rice

HALAL MEAT & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
Call at 463-1287.

سالِ رواں کے آخر تک بھارت دوسرا ایٹمی دھماکہ کرے گا

بھارت بین البراعظمی ایٹمی میزائل تیار کر سکتا ہے

پاکستان بھی ایٹمی دور میں داخل ہو چکا ہے : بھارتی جنرل

گندم اور آٹے کی نقل و حمل پر پابندی

حکومت نے سیاسی و دینی رہنماؤں کو تہنا مہذب طریقے سے قانون کی خلاف ورزی سے باز رکھا : وزیر اعلیٰ

قادیانیوں کو جلد اقلیت قرار دے دیا جائے تو ہنگامے ختم ہو جائیں گے : خورشید انور

سپیکر پنجاب اسمبلی نے علمائے دین کی گرفتاریوں سے متعلق التواء کی تحریکیں مسترد کر دیں

ربوہ کے واقعہ سے پیدا شدہ صورتحال پر قابو پانے کے لیے ہر ممکن کارروائی کی جا رہی ہے

وقت کا اہم ترین تقاضہ ملک میں امن و امان برقرار رکھنا ہے : حفیظ پیرزادہ

قومی اسمبلی میں ربوہ کے واقعہ پر بحث کرنے کے لیے چودھری ظہور الٰہی کی طرف سے تحریک التوا

بعث پارٹی کی طرف سے سمجھوتے کی توثیق

ربوہ ریلوے سٹیشن پر نشتر میڈیکل کالج کے طلباء پر کیا گزری!

زخمی ہونے والے طلباء کے حلفیہ بیانات، حملہ کسی اشتعال کے بغیر کیا گیا

مرزائیوں کو سیاسی جماعت قرار دے کر اس پر پابندی لگا دی جائے : میاں طفیل محمد

یہ جماعت موجودہ حکومت اور ملک کے وجود کے خلاف سازش کر رہی ہے

تاشقند کے فلمی میلہ میں پاکستانی فلم کو انعام ملا

جنرل رانی کو گرفتار کر لیا گیا

ایٹمی دھماکہ پاکستان کے لیے دھمکی کی حیثیت رکھتا ہے :

بھارت نے ہمیشہ باہمی معاہدوں اور مواعید کی خلاف ورزی کی ہے : دفتر خارجہ

مواصلاتی رابطوں اور سفری سہولتوں کی بحالی کے مذاکرات ۱۰ جون کو شروع ہونے والے تھے

جسٹس کے ایم اے صمدانی ربوہ کے سانحہ کی تحقیقات کریں گے

شیخ عبداللہ مسئلہ کشمیر کے تصفیہ کی بات چیت کے لیے پاکستان آنے کو تیار ہیں

تصفیہ "حق خود ارادیت" کی بنیاد پر ہوگا

شیخ عبداللہ نے بھارت سے کوئی سودے بازی نہیں کی : فاروق عبداللہ

پاکستان اور چین کے تعلقات پر مدیر سفیر کا بیان

ٹورانٹو اک شہر ہے عالم میں بے مثال
اس میں فضیلت چمن میں خوشی ہیں باکمال
ان کی مدد سے آپ کو مل جائے گا مکاں
جو آشناؤں خوشیوں میں ہوگا بڑے کمال

مکانات کے علاوہ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد کی
خرید و فروخت کے لیے بھی یاد رکھیں،
ایچ - کیتھ لمیٹڈ ریلٹر اور سلطان قریشی

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 763-4908

SULTAN QURESHI

ایران بھارت کی بجائے پاکستان سے سیمنٹ خریدے گا

تین لاکھ ٹن سیمنٹ کی خریداری کے مذاکرات ناکام ہو گئے

تہران (جون، اے پی پی) معلوم ہوا ہے کہ بھارت کی طرف سے ایران کو تین لاکھ ٹن سیمنٹ سپلائی کرنے کے بارے میں جو بات چیت ہو رہی تھی وہ تعطل کا شکار ہو گئی ہے جس کے نتیجے میں حکومت ایران نے بھارت سے سیمنٹ خریدنے کا ارادہ ترک کر دیا ہے۔ [illegible]

مسلم ممالک اسلامی جذبہ کے ساتھ متحد ہو کر کام کریں، تنکو عبدالرحمٰن

اسلامی بنک کے قیام کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں

[illegible]

افغانستان پختونوں کے مسائل حل کرنے میں مدد دیتا رہے گا: سردار داؤد

[illegible]

مرزائیوں کو اقلیت قرار دینے اور کلیدی آسامیوں پر فائز قادیانیوں کو علیحدہ کرنے کا مطالبہ

ربوہ میں بے شمار اسلحہ موجود ہے جو مسلمانوں کے خلاف استعمال ہو سکتا ہے: علامہ ارشد

پنجاب اسمبلی میں ربوہ کے سنگین واقعہ کے مجرموں کو عبرتناک سزا دینے کا مطالبہ

[illegible]

واقعہ ربوہ کے خلاف مختلف شہروں میں ہڑتالیں اور زبردست مظاہرے، متعدد مکانات اور دکانیں جلا دی گئیں

فائرنگ سے کئی افراد زخمی ہو گئے، لاٹھی چارج اور آنسو گیس کا استعمال

متعدد افراد گرفتار، مرزائیوں کو اقلیت اور ربوہ کو کھلا شہر قرار دینے کا مطالبہ

[illegible]

چوہدری ظفر اللہ کی وزیر اعظم سے ملاقات

[illegible]

قادیانیوں کے خلاف فسادات بھٹو کی پارٹی نے کرائے ہیں

حکمران جماعت اپنی بگڑی ہوئی ساکھ بحال کرنا چاہتی ہے: مرزا ناصر احمد کا الزام

قادیانیوں کو قتل بھی کر دیا جائے تو اپنے مسلک سے دستبردار نہیں ہوں گے

[illegible]

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

PHONE #

چار ماہ میں پندرہ ہزار بھارتی چیچک کا شکار ہو گئے

بھارت میں چیچک کی وبا نے تشویش کی صورت اختیار کر لی ہے: عالمی ادارہ صحت

[illegible]

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
[illegible]

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"
[illegible]

(...)

(انڈین الیکشن اور پاکستانی تارکین وطن)

[illegible] پاکستانی تارکین وطن کی [illegible] ہماری [illegible] اہمیت رکھتی ہے کیونکہ ہم صرف اسی طریقے سے اپنے مسائل اور مطالبات یہاں کے سیاسی حلقوں تک پہنچا سکیں گے۔ اس کے علاوہ جب ہم نے اس ملک کو اپنا لیا ہے تو یہاں کی زندگی میں حصہ لینا ہمارا فرض بھی ہے۔

انتخابات کے سلسلے میں سب سے پہلے ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ آیا ہم ووٹ دہندگان کی فہرست میں شامل ہیں؟ اگر نہیں تو کوشش کریں کہ اس غلطی کی تصحیح ہو۔ اس ضمن میں مزید تفصیلات آپ کو اس اخبار کے ایک اشتہار میں مل جائیں گی۔

ہر جگہ انتخابات میں ایک ایک ووٹ کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ یہاں ۱۹۷۰ء کے الیکشن میں کئی حلقوں میں ہار جیت کا فیصلہ صرف چند ووٹوں کی کمی بیشی کے باعث ہوا۔ ہماری کل تعداد اگرچہ کم ہے۔ مگر اس تعداد کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ہر پارٹی اور اس کے امیدوار ان ووٹوں کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔

پھر یہ کہ ہمیں اپنے اپنے حلقوں میں اپنے پسندیدہ امیدواروں کے لیے رضاکارانہ خدمات پیش کرنا چاہیے۔ کیونکہ یہی امیدوار الیکشن میں کامیاب ہونے کی صورت میں پارلیمنٹ میں ہماری نمائندگی کریں گے۔ اس لیے یہ بہتر ہوگا کہ اسی وقت ہم انہیں اچھی طرح سے پہچان لیں۔ انتخابات کا زمانہ ہی ایک ایسا وقت ہے جبکہ سیاست دان آپ کی باتیں کان کھول کر سنیں گے۔ ان کی کامیابی کے بعد اگر وہ ہمارے مطالبات بھول بھی جائیں تو ان کی یاد دہانی کرائی جا سکتی ہے۔

کینیڈا میں ہمیں کئی مسائل درپیش ہیں۔ مثلاً امیگریشن کے موجودہ قوانین کو لیجیے جو فرسودہ ہو چکے ہیں۔ اس وقت برطانیہ میں کم از کم چار امیگریشن کے دفاتر ہیں۔ جبکہ پاکستان میں صرف ایک ہے اور وہ بھی میڈیکل انتظامات کے بغیر۔ پھر ہمارے تعلیمی معیار کو پرکھنے کا طریقہ بھی مناسب نہیں۔ اگرچہ ہم میں سے اکثر یہاں اچھے عہدوں پر فائز ہیں۔ مگر پھر بھی یہ حقیقت ہے کہ رنگ و نسل کا امتیاز ہمیں ایک حد سے آگے نہیں بڑھنے دیتا۔ یہ امتیاز خواہ کتنا ہی معمولی ہو بہرحال اس کا ازالہ ضروری ہے۔

[illegible] اس طرح ممکن ہے کہ ہم یہاں کی [illegible] [illegible] آنے والے انتخابات [illegible] اپنی کمیونٹی کی [illegible] اور مطالبات کو منوانے کی کوشش کریں۔ اس سلسلے میں ہماری [illegible] باقاعدہ دلچسپی خود ہماری کمیونٹی کے حق میں [illegible] ثابت ہو سکتی ہے۔ [illegible] اچھے ہم اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنا فرض ادا کریں۔

[illegible]

عام آدمی کے قلم سے

بھارت تیرا شکریہ!

بھارت نے دو روز کو دھماکہ کر کے ہم پر احسان عظیم کیا ہے۔ اس دھماکے نے ہماری آنکھیں کھول دی ہیں۔ اور ہمیں خواب غفلت سے جگا دیا ہے۔ اور ہمارے حکمرانوں کے ان مفروضات کو یکسر غلط ثابت کر دیا ہے کہ بھارت سے پرامن ہمسائیگی کی فضا پیدا کرنے اور دوستانہ مراسم بڑھانے ہی میں ہماری نجات و فلاح مضمر ہے۔ ۱۹۷۲ء کے شروع سے ہی ایک ایسی مہم جاری تھی جس کا مقصد بھارت سے محاذ آرائی ختم کر کے جنگ نہ کرنے کے معاہدے کے لیے فضا تیار کرنا تھا۔ یہ مہم سرکاری سطح پر تو اتنی نمایاں نہیں تھی مگر غیر سرکاری سطح پر بہت شد و مد سے جاری تھی اس مہم کے ماتحت ملک کی افواج کے وقار کو کم کرنے کی کوشش کی گئی۔ مشرقی پاکستان میں فوج کے مبینہ مظالم کی داستانوں کی تشہیر کی گئی۔ اور یہاں تک کہا گیا کہ ہمارے فوجی اصول پرست نہیں بلکہ زر خرید اور جارحیت کے شوقین ہیں۔ ہندوستان کی ہر بات کی تعریف کی گئی۔ بلکہ تقسیم ملک کو بھی زیر لب برا بھلا کہا گیا۔ فضا کو ہموار کرنے کے سلسلے میں ملک کے تعلیمی اور پیشہ ورانہ تربیت کے اداروں نے خوب حصہ لیا۔ مزدور و آجر کے تعلقات کو کشیدہ کیا گیا۔ صنعتی ترقی کو تباہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ انتظامیہ میں بے بسی اور بد اعتمادی کی کیفیت پیدا کی گئی۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ہنگامہ آرائی، کج روی اور سرکشی کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ نوجوانوں کو ناپختہ خیالات کے اظہار پر تحسین و آفرین سے نوازا گیا۔ قاتلوں کو قانون کی بالادستی سے آزاد کر دیا گیا۔ [illegible] کو [illegible] پر غالب و قاہر بنا دیا گیا۔ غرض ہر وہ کام کیا گیا جس سے طوائف الملوکی پیدا ہو اور پاکستان کی معاشرتی یک جہتی، معاشی ترقی اور سیاسی استحکام نیست و نابود ہو جائے۔

خدا کا شکر ہے کہ لاہور میں اسلامی سربراہی کانفرنس کے انعقاد کے بعد سے بے یقینی کی فضا بتدریج کم ہونا شروع ہو گئی۔ لیکن اب بھارت کے ایٹمی دھماکے سے یہ یقین ہو چلا ہے کہ بھارت سے راہ و رسم بڑھانے کی مہم بہت جلد اپنی موت آپ مر جائے گی اور زر خرید تخریب کار کم از کم کچھ دیر کے لیے اپنی مصروفیات معطل کر دیں گے۔

بھارت کے دھماکے کا ایک فائدہ یہ بھی ہوا ہے کہ اس سے ہمارا غافل اور امن پسند [illegible] کے وہ دبیز نقاب جو بھارتی حکمرانوں نے پچھلی ربع صدی سے اپنے چہروں پر ڈال رکھے تھے۔ یکسر اٹھ گئے ہیں۔ اور اب وہ دنیا کے سامنے اپنے اصل روپ میں جلوہ گر ہوئے ہیں۔ پاکستان انتہائی خواہش و کوشش کے باوجود بھارت کو حقیقی رنگ میں پیش کرنے سے قاصر تھا۔ کیونکہ دنیا ہندوؤں کو اہنسا کا پجاری، امن کی دسیا اور انسان دوست قوم بھی سمجھتی رہی ہے۔ اب مغرب اور امریکہ کو بھی اس قوم کے اصل عزائم کا پتہ چل گیا۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ سیاسی مصالح کے پیش نظر وہ اس کا برملا اظہار نہ کریں۔

ہم بھارت کے اس لیے بھی شکر گزار ہیں کہ دھماکے سے پاکستان میں جمہوریت کا عمل تیز ہو جائے گا قوم کی صفوں میں انتشار ختم ہو گا۔ اتحاد کی خواہش تیز ہو گی۔ تعمیر کا عمل شروع ہو گا۔ اور غیر پسندیدہ عناصر کو کاٹ پھینکنے کی کوشش کی جائے گی۔ ملک میں معاشرتی یک جہتی کی فضا پھر سے پیدا ہو گی۔ اور ہر قسم کی قیادت پروان چڑھنے کے امکان روشن ہوں گے۔ دفاعی استحکام سے جو غفلت برتی جا رہی ہے وہ بھی ختم ہو جائے گی۔ اور پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک ناقابل تسخیر حصار اسلام بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

نیز اس سے ان مسلم ملکوں کی آنکھیں بھی کھل جائیں گی۔ جہاں نہرو کو پیغمبر امن اور بھارت کو غیر جانبدار ملکوں کا قدرتی سربراہ خیال کیا جاتا رہا ہے۔ پاکستان کا موقف جسے وہ مبہم اور تنگ دلی پر مبنی سمجھتے رہے ہیں۔ اب واضح طور پر اور صحیح نظر آنے لگے گا۔ شاید ایران اور کویت کو بھی اپنے ان معاہدوں پر افسوس ہو جو انہوں نے عجلت میں بھارت سے کیے ہیں۔ عراق کے ردعمل کے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ وہاں کی حکومت لادینی سہی لیکن عوام کا مزاج خالصتاً اسلامی ہے۔ سرکاری سطح پر شاید ان کا کوئی ردعمل نہ ہو لیکن عوام کی سطح پر اس کا ردعمل غیر موافق ہونا یقینی امر ہے۔

آخری فائدہ جو اس دھماکے سے ہو گا وہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں بھی سرگرمی اور سرعت سے جوہری پروگرام پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ بدقسمتی ہے کہ وزیر اعظم نے ۱۹۷۲ء کے شروع میں ہی پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کو اپنی تحویل خاص میں لے لیا تھا۔ اور اس وقت انہوں نے نہایت واضح الفاظ میں اعلان کیا تھا کہ کمیشن کے جوہری پروگرام کی تکمیل میں کسی رکاوٹ کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اور اس کے ہر منصوبے کو اولین اہمیت دی جائے گی۔ لیکن اس کے باوجود پچھلے دو سالوں میں جو کام ہوا ہے وہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ ابھی تک ہیوی واٹر پلانٹ بھی نصب نہیں ہو سکا۔ فیول فیبریکیشن پلانٹ اور فیول ری پروسیسنگ پلانٹ کی تنصیب ابھی تک گفت و شنید کے مراحل میں ہے۔ اعلان کیا گیا تھا کہ کراچی کے قریب چار سو میگا واٹ کے ایٹمی بجلی گھر کی تعمیر کا کام ۱۹۷۴ء کے اوائل میں شروع کر دیا جائے گا لیکن اب کہا جا رہا ہے کہ ۱۹۷۵ء کے وسط میں جا کر کہیں ٹھیکے کال کیے جائیں گے۔ انجینئرنگ کی حالت بھی کافی [illegible] ہے۔ سائنس دانوں اور انجینئروں میں خاصے اختلافات ہیں اور انہیں پاٹنے کی کوئی کوشش بھی نہیں کی جا رہی۔ یوں تو اٹامک انرجی کمیشن ایک خود مختار ادارہ ہے اور وزیر اعظم کی تحویل میں ہے لیکن وہ [illegible] کا محتاج ہے۔ اس [illegible] کی وجہ سے بہت سے کام رکے ہوئے ہیں۔ [illegible] مفادات [illegible] ہر کام پر [illegible] لاحق ہے۔ چیئرمین اٹامک انرجی کمیشن ایک قابل اور نیک انجینئر اور نیک اور مخلص دل افسر ہیں۔ اگر کمیشن کے سالانہ بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کر کے حکومت [illegible] سے انہیں چھوٹ دی جائے تو شاید کمیشن اپنا پروگرام زیادہ مستعدی اور سرعت سے چلا سکے۔ [illegible] کہ بھارت کے [illegible] کا سالانہ بجٹ [illegible] روپے ہے۔ کینیڈا [illegible] میں بھی ہے۔ پاکستان اس قسم میں غالباً دس سے پندرہ کروڑ خرچ کرنے پر آمادہ ہو جائے۔ یورینیم کی دریافت کا کام بھی ٹھنڈا پڑ گیا ہے۔ ریڈیو آئسوٹوپس کے شعبوں میں بھی کام نہیں ہو رہا۔ پچھلے تین سالوں میں کوئی سائنسی مقالہ شائع نہیں کیا گیا۔ کوئی ریسرچ رپورٹ شائع نہیں ہوئی۔ اس دھماکے سے ممکن ہے کمیشن اپنی ان خامیوں سے چھٹکارا حاصل کر لے جو اس کے پاؤں کی زنجیر بنی ہوئی ہیں۔ یہ ہو جائے تو بہت بڑی بات ہو گی کیونکہ کمیشن کے پاس بہترین سائنس دان، بہترین انجینئر اور ٹیکنیشن ہیں۔ قلم دان کی بھی کمی نہیں۔ صرف عزم کی ضرورت ہے اور منزل کے تعین اور [illegible] کی۔ اب بھٹو صاحب کے گرین سگنل کے بعد ممکن ہے عزم بھی پیدا ہو جائے اور منزل بھی نمایاں ہو جائے۔

پاکستان اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ایک قومی حکومت کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ اپوزیشن اور حکومت مل کر آنے والے خطرات کا مقابلہ کر سکیں اور ملک ایک مضبوط و مستحکم محاذ کی صورت اختیار کر لے۔ اس وقت سوال [illegible] کا نہیں بلکہ ملک اور قوم کا ہے باہمی اختلافات ختم ہونے چاہئیں اور مل جل کر معاملات و مسائل کا حل تلاش کرنا چاہیے۔

سب سے زیادہ توجہ دفاعی سامان کی تیاری اور تکمیل اور ایٹمی پروگرام کی تکمیل کی طرف دینی چاہیے۔ کیونکہ اگر ملک ناقابل تسخیر نہیں تو کوئی معاشی اصلاح کوئی معاشرتی تحریک کام نہیں آ سکتی اور تمام اقتصادی ترقی خاک میں مل سکتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ترقیاتی منصوبوں پر نظر ثانی کریں اور ان کے نئے خاکے پر غور کریں۔ کراچی کا دس سالہ ترقیاتی منصوبہ جس کے لیے [illegible] کی خطیر رقم منظور کی جا چکی ہے بہ آسانی التوا میں رکھا جا سکتا ہے اور اس رقم سے سامان حرب خریدا جا سکتا ہے۔ ایٹمی پلانٹ حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ نیز اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ چین سے کچھ اس قسم کا معاہدہ کیا جائے یا یقین دہانی حاصل کی جائے جس سے ہمیں ایٹمی تحفظ مل سکے۔ بھارت کے ایٹم بم کا بہترین توڑ تو یہی ہے کہ ہم بھی ایٹم بم بنائیں لیکن اس میں کم از کم تین سال لگ جائیں گے۔ اس وقت تک ہمیں ایٹمی تحفظ کی ضرورت ہے اور اگر اس اثناء میں بھارت میں کوئی پاگل شخص پاکستان پر حملہ کر کے ایٹم بم پھینکنے کی جسارت کرے تو اس کے جواب میں بھارت پر ایک کے بدلے دو ایٹم بم پھینکنے کی گارنٹی ملنی چاہیے۔

ضرب بصیرت

[illegible]

قرآن پاک میں حضورؐ کی یہ شان بیان کی گئی ہے کہ آپؐ نبیوں کے خاتم ہیں۔ حضورؐ کا اپنا ارشاد ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ حضورؐ کے ذریعے اسلام اکمل ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اتمام ہو چکا ہے۔ آپؐ کے بعد اب کسی غیر تشریعی، ظلی یا بروزی نبی کے آنے کا قطعاً کوئی امکان نہیں۔ تاہم جھوٹے مدعیان نبوت پہلے بھی ہوتے رہے ہیں۔ اور آئندہ بھی ہوتے رہیں گے۔

حضورؐ کے اس دنیا سے تشریف لے جانے کے فوراً بعد حجاز میں کئی جھوٹے نبی اٹھ کھڑے ہوئے۔ ان میں ایک عورت بھی تھی۔ قریش اور ثقیف کے علاوہ کوئی ایسا قبیلہ نہ تھا جو سارے کا سارا یا اس کے کچھ لوگ مرتد نہ ہو گئے ہوں۔ ان جھوٹے مدعیان نبوت نے اپنی جھوٹی نبوتوں کا سکہ جمانے کے لیے مسلمانوں پر زبردست مظالم ڈھائے۔ یہود و نصاریٰ نے بھی اسلام کے خلاف اپنی مہمیں تیز تر کر دیں۔ ان کی امداد پر ایرانی اور رومی حکومتیں تھیں۔ جو اسلام کی بڑھتی ہوئی تحریک کو اپنے باطل کفر و شرک کے لیے خطرہ عظیم سمجھتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اسلام کے خلاف کارگزاریوں کے لیے اپنے خزانوں کے منہ کھول دیئے۔

حضرت صدیق اکبرؓ کو اللہ تعالیٰ نے توفیق عطا فرمائی کہ انہوں نے اس نہایت نازک وقت میں اپنے ایمان محکم، حکمت بالغہ اور اعلیٰ فوجی مہارت کے ذریعے قلیل عرصہ میں تمام مشکلات پر قابو پا لیا، بلکہ اپنے سوا دو سالہ دور حکومت ہی میں ایران اور روم کی اس دور کی سپر پاورز کے خلاف اقدامی مہمات کا آغاز بھی کر دیا۔

حضرت خالدؓ سیف اللہ نے پہلے طلیحہ کذاب کو شکست فاش دی، پھر مسیلمہ کذاب کی سرکوبی کے لیے بڑھے۔ مسیلمہ کذاب بہت طاقتور ہو چکا تھا۔ کیونکہ اس کے مقابلہ میں دو مسلمان جرنیل عکرمہؓ بن ابوجہل اور شرجیلؓ یکے بعد دیگرے اپنی جلد بازی کی وجہ سے شکست کھا چکے تھے۔ حضرت خالدؓ کو مسیلمہ کذاب کے مقابلہ میں سخت جنگ لڑنی پڑی جس میں بہت سے صحابہ کرامؓ شہید ہوئے۔ مگر بالآخر میدان مسلمانوں کے ہاتھ رہا۔ تمام جھوٹے نبی ایک ایک کر کے مارے گئے یا بھاگ گئے اور اسلام جو نبیؐ کا سچا دین ہے اور تا قیامت قائم رہنے کے لیے آیا ہے، از سر نو قائم ہو کر اقصائے عالم میں پھیلنا شروع ہو گیا۔

حدیث اقدس

ابو بکرہؓ کہتے ہیں کہ ایک [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دوسرے کی تعریف کی۔ آپؐ نے تعریف کرنے والے سے کہا افسوس ہے تجھ پر تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹ دی۔ تین بار آپؐ نے یہ الفاظ دہرائے۔ پھر فرمایا اگر تم کسی کی تعریف ضروری سمجھو تو اس طرح کہو کہ میں فلاں شخص کی نسبت یہ خیال کرتا ہوں

بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے نومیدی
مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے!
فلک نے ان کو عطا کی ہے خواجگی کہ جنہیں
خبر نہیں روش بندہ پروری کیا ہے
فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا
نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے
(بال جبریل)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

جلد ۳ — ۱۵ جون ۱۹۷۴ء مطابق ۲۴ جمادی الاول — شمارہ

بھٹو نے اندرا گاندھی کی یقین دہانی مسترد کر دی

پاکستان پر جارحانہ حملے کئے گئے ۔ مشرقی پاکستان کو فوجی جارحیت کے ذریعہ الگ کر دیا گیا ۔ ہم بھارت پر کیسے اعتماد کر سکتے ہیں : بھٹو

ڈاکٹر سٹیفن سپیڈش

ٹورانٹو ۔ ۸ جون ۔

مسٹر سٹیفن سپیڈش وفاقی وزیر ملٹی کلچرل ازم نے ٹورانٹو کی جامع مسجد میں تقریبا ڈھائی سو مسلم خواتین و حضرات کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کینیڈا گوناگوں تہذیبوں کا ملک ہے ۔ یہاں ہر گروہ کو اپنی تہذیب، تمدن اور مذہب کی ترویج کا نہ صرف حق حاصل ہے بلکہ یہاں کی حکومت خود بھی اس سلسلے میں مدد کی پیشکش کرتی ہے ۔

بھارت میں ہونے والے حالیہ ایٹمی دھماکے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے مسٹر سپیڈش نے کہا کہ کچھ پڑوسی ملک دوسروں کی سخاوت سے اس طرح ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں ۔

وزیر موصوف ٹورانٹو کے ایک معروف پاکستانی جناب سراج الدین کی دعوت ولیمہ میں مدعو تھے ۔ وہاں انہوں نے مسجد کے امام عصام بدران ۔۔۔

بھارتی دھماکہ کے بارے میں غیر جانبدار عالمی رائے عامہ ہمارے ساتھ ہے

ٹھوس بین الاقوامی معاہدوں کے ذریعے بھارت ایٹمی ہتھیار نہ بنانے کا عہد کرے

بھارت نے ایٹمی دھماکہ کر کے برصغیر میں قیام امن کا عمل معطل کر دیا ہے

اسلام آباد ۔ جون (اے پی پی) پاکستان نے بھارت کی یہ یقین دہانی قطعی مسترد کر دی ہے کہ بھارت کے ایٹمی تجربہ کا مقصد پرامن ہے ۔۔۔ وزیر اعظم بھارت مسز اندرا گاندھی کے ۲۲ مئی کے مکتوب کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم بھٹو نے مسز گاندھی پر واضح کر دیا ہے کہ بھارت کے وعدوں پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا ۔ اس کی اس قسم کی یقین دہانی ہی قبول کی جا سکتی ہے اگر مسز گاندھی اپنے وعدے میں مخلص ہیں تو ٹھوس بین الاقوامی معاہدہ یا معاہدے کر کے ایٹمی ہتھیار نہ بنانے ۔۔۔

ہم خالصتان قائم کر کے رہیں گے : گیانی بخشش سنگھ

بھارت میں سکھوں کا مزید استحصال نہیں ہونے دیا جائے گا

لندن ۔ جون ۔۔۔ گیانی بخشش سنگھ نے کہا ہے کہ خالصتان ۔۔۔

اشیائے صرف کی قیمتوں میں ۲۶.۵ فی صد اضافہ ہوا

رواں مالی سال کے بارے میں اقتصادی جائزہ کی رپورٹ جاری کر دی گئی

اسلام آباد ۔ ۔۔ جون (اے پی پی) آج شام یہاں جاری کئے جانے والے ایک اقتصادی جائزہ میں بتایا گیا ہے کہ ۳۰ جون کو ختم ہونے والے رواں مالی سال میں شدید داخلی و خارجی مشکلات کے باوجود پاکستان کی معیشت مستحکم ۔۔۔

ربوہ کا واقعہ بھٹو کے خلاف بین الاقوامی سازش ہے : ڈیلی ٹیلیگراف

لندن ۔ ۔۔ جون (پی پی آئی) آج یہاں ڈیلی ٹیلیگراف میں اس کے پاکستانی نامہ نگار کا مراسلہ شائع ہوا ہے کہ پنجاب میں واقع ربوہ ریلوے سٹیشن ۔۔۔ وزیر اعظم بھٹو کے خلاف بین الاقوامی سازش ہے ۔۔۔

قادیانی انگریزوں کے مفاد کی خدمت کر کے اپنا وجود برقرار رکھ سکتے تھے : بی بی سی

فرقہ کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا مطالبہ پھر تحریک کی صورت اختیار کر گیا ہے

لندن ۔ ۔۔ جون (بی بی سی) گزشتہ رات خبروں کے بعد بی بی سی نے پاکستان کے احمدیہ فرقہ کے بارے میں ایک خصوصی پروگرام نشر کیا ۔ بی بی سی کے تبصرہ نگار نے بتایا کہ پاکستان میں اس فرقہ کے خلاف تحریک جاری ہے اور علماء کا مطالبہ ہے کہ قادیانیوں کو ایک غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے ۔۔۔ مرزا غلام احمد ۔۔۔

ختم نبوت پر عوام سے مکمل اتفاق رکھنے کے باوجود حکومت لاقانونیت برداشت نہیں کرے گی : حنیف رامے

علماء امن و امان کی بحالی اور جمہوریت کے تحفظ میں حکومت سے تعاون کریں ۔ حالات سے ناجائز فائدہ اٹھانے والوں کو ناکام بنانے کیلئے اسلامی رواداری کا ثبوت دیا جائے : وزیر اعلیٰ کی اپیل

لاہور ۔ ۔۔ جون (اے پی پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مسٹر محمد حنیف رامے ۔۔۔

FO

C

VOL.

Cl

ISLAMA... has pledge... support" ... forts to ... against p... blackmail ... stani Fo... nounced y...

A spok... Chinese ... a result ... Foreign S... Shahi.

Foreign ... Arab cou... conference ... on Tuesda...

Age... pla... hyd...

From Th... and Re...

NEW D... news ager... day that ... Energy C... detonate a... device as... undergrou... month.

United ... ing intern... "India ma... spectacula... future by ... monuclear...

The Go... comment ...

The ag... Ramma, di... try's man... centre, t... Indian sci... ago that ... planned "... nation mo... undergrou...

United N... ent agency... preted M... marks as ... India wou... gen device... such an ... closed.

India t... atomic bla... 10,000 to ... with pluto... use of a C... search rea...

Bl... na...

I assure... take a ... We have ... ficult dec... We will ... also. Let ... sion which ... acclaim a... nourable ... tion which ... Pakistan's ... strengthen...

I am p... Muslim.